نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاشتکار کالے رنگ کی گندم کے متعلق سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلائی گئی بے بنیاد باتوں پر یقین نہ کریں۔

کاشتکار گندم کی کاشت کے لئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔

کالے رنگ کی غیر منظور شدہ گندم فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کیا جارہا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور یکم دسمبر 2022: محکمہ زراعت کے ترجمان کے مطابق صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا عمل جاری ہے۔بعض مفاد پرست عناصر کی جانب سے سوشل میڈیا پر کالے رنگ کی گندم کی تشہیر کی جارہی ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کی طرف سے کاشتکاروں کو آگاہ کیا گیا ہے کہ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کی آئی ایس او سرٹیفائیڈ لیبارٹری میں کالے رنگ کی گندم کے تجزیہ کے مطابق اس کی تشہیر کردہ خصوصیات اور اضافی غذائیت کے متعلق دعویٰ بالکل غلط اور بے بنیاد ہے۔اس لئے کاشتکار مفاد پرست اور ناجائز منافع خوروں کے دھوکے میں نہ آئیں اور گندم کی کاشت کے لئے صرف محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کاشت کریں جن کا بیج پنجاب سیڈ کارپوریشن اور پرائیویٹ سیڈ کمپنیوں سے دستیاب ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کالے رنگ کی غیر منظور شدہ گندم فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کیا جارہا ہے۔کاشتکار سوشل میڈیا پر چلنے والی افواہوں پر توجہ بالکل نہ دیں اور گندم کی منظور شدہ اقسام کی کاشت جلد از جلد مکمل کریں تاکہ پیداوار میں کمی نہ آئے۔

☆☆☆☆